# کینیڈا میں فردِ جُرم اور آپ کی امیگریشن حیثیت پر اثر

اگر کینیڈا کی فوجداری عدالت آپ کو کسی جرم کے سلسلے میں موردِ الزام ٹھہراتی ہے، تو اس سے کینیڈا میں آپ کا امیگریشن اسٹیٹس متاثر ہو سکتا ہے۔ سزا یافتہ ہونے کی صورت میں، آپ کا فوجداری ریکارڈ ہو گا۔

درج ذیل صرف دو طریقوں کے ذریعے ہی ایک عدالت آپ کو مجرم قرار دے سکتی ہے:

1۔ آپ نے اقبالِ جرم کیا ہو۔ یہ اس صورت میں ہوتا ہے جب آپ عدالت میں کسی جج کے سامنے یہ اعتراف کرتے ہیں کہ آپ سے جرم سرزد ہوا ہے۔ اقبالِ جرم کرنے کا فیصلہ کرنے سے قبل آپ کو ہمیشہ قانونی مشورہ طلب کرنا چاہیئے۔

2۔ آپ نے اقبالِ جرم نہیں کیا، لیکن مقدمے کی کارروائی کے بعد جج یا جیوری آپ کو مجرم قرار دیتے ہیں۔

اگر آپ کو سزا سنائی جاتی ہے، تو آیا یہ آپ کی امیگریشن کی حیثیت کو متاثر کرے گا یا نہیں، اس کا انحصار اس پر ہے:

- وہ جرم، جس کے ارتکاب کا الزام آپ پر عائد ہے، اور
- سزا جو آپ کو سنائی گئی ہے۔

اور کچھ صورتحال میں، صرف **جرم کا الزام لگنا** بھی اسٹیٹس کو متاثر کر سکتا ہے۔

## جرم کا الزام لگنے کی صورت میں مجھے کیا کرنا چاہیے؟

کوئی بھی اقدم اٹھانے سے قبل آپ کو فوجداری اور امیگریشن کے قانون دونوں کے بارے میں قانونی مشورے کی ضرورت ہوتی ہے۔

اگر آپ اس کا خرچہ نہیں اٹھا سکتے تو آپ لیگل ایڈ اونٹاریو (Legal Aid Ontario) کے ذریعہ قانونی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

آپ کو چاہیے کہ جتنی جلدی ہو سکے کسی وکیل سے مشورہ کریں، اور اس کو یہ بھی بتائیں کہ آپ ان الزامات کے نتیجہ میں اپنی امیگریشن حیثیت کے بارے میں فکر مند ہیں۔

## میری امیگریشن حیثیت پر کیا اثر ہو گا؟

بہت سے فوجداری جرائم آپ کی حیثیت پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کینیڈا کے شہری یں ہیں تو بعض جرائم کے نتیجہ میں آپ اپنی امیگریشن حیثیت گنوا سکتے ہیں۔ قطع نظر اس بات سے کہ آپ کینیڈا میں کتنے عرصے سے مقیم ہیں،

امیگریشن حکام آپ کے خلاف "ملک بدری کا حکم" حاصل کرنے کی خاطر اقدامات کر سکتے ہیں۔ یہ حکم آپ کو کینیڈا سے بے دخل کر کے کسی دوسرے ملک بھیجنے کے سلسلے میں ہے۔

**اگر آپ کینیڈا کے شہری ہیں تو آپ کو کینیڈا چھوڑنے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا، بشرطیکہ آپ نے کینیڈا کے شہری بننے کے لئے یا مستقل سکونت حاصل کرنے کے لئے غلط معلومات نہ فراہم کی ہوں۔**

## اگر مجھے کینیڈا چھوڑنے کا حکم ملا تو کیا ہو گا؟

اگر آپ کو کینیڈا چھوڑنے کا حکم (removal order) ملا، تو ایسی صورت میں:

- آپ کو کینیڈا سے زبردستی نکالا جا سکتا ہے، اور اس صورت میں آپ کو کینیڈا واپسی کے لئے متعلقہ عہدیداروں سے خصوصی اجازت حاصل کرنا ہو گی۔
- آپ کے خاندان کے وہ افراد جو کینیڈا کے شہری نہیں ہیں، شاید انہیں بھی کینیڈا چھوڑنا پڑے۔

## میں اپنی امیگریشن حیثیت برقرار رکھنے اور کینیڈا میں رہنے کے لئے کیا کر سکتا ہوں؟

ہر ایسی صورت میں جو آپ کی امیگریشن پر اثر انداز ہو، آپ کو فوری طور پر قانونی مشورہ اور امداد حاصل کرنا چاہیے۔ اگر آپ کو کینیڈا چھوڑنے کا حکم ملا ہے تو آپ ممکنہ طور پر 'امیگریشن اینڈ ریفیوجی بورڈ' (Immigration and Refugee Board) سے اپیل کر سکتے ہیں۔ ایسی اپیل کی مدت معین ہے۔ اس لئے آپ کو اپنی اپیل کے بارے میں فوری اقدامات اٹھانے ہوں گے۔

مجرمانہ سزایابی کی صورت میں، آپ کو یہ بھی حق حاصل ہے کہ آپ اس کے خلاف فوجداری عدالت میں اپیل دائر کریں۔ لیکن اس کے لئے بھی وقت محدود ہوتا ہے۔ لہذا فوری کاروائی کریں، اور جلد سے جلد قانونی مشورہ حاصل کریں۔

مجرمانہ سزایابی کی صورت میں، آپ پیرول بورڈ آف کینیڈا (Parole Board of Canada) کو ریکارڈ کی معطلی کے لیے درخواست دے سکتے ہی، جسے معافی کہا جاتا ہے۔

لیکن ایسا کرنے سے پہلے، آپ کو لازماً عدالت کی جانب سے دی گئی سزا مکمل کر لینی چاہیے، بشمول کسی بھی جرمانوں کی مکمل ادائیگی۔

اور آپ کے سزا مکمل کرنے کے بعد، آپ کو درخواست دینے سے پہلے، کچھ مزید انتظار کرنا ہو گا۔ ایک فیس بھی ہے۔

← بقیہ صفحہ 2 پر ←

ریکارڈ کی معطلی کے بارے میں مزید معلومات کے لیے **www.canada.ca/en/parole-board/services/record-suspensions.html** ملاحظہ کریں۔

اگر آپ کو ریکارڈ کی معطلی حاصل ہو جاتی ہے، تو امیگریشن حکام کا برتاؤ آپ کے ساتھ ایسا ہونا چاہیئے جیسے کہ آپ سے جرم سرزد ہی نہ ہوا ہو۔

***مجرمانہ الزامات آپ کی امیگریشن کے اسٹیٹس کو کئی طریقوں سے متاثر کرسکتے ہیں۔ ان صفحات پر، ہم صرف عام معلومات دیتے ہیں۔ آپ کو اپنی صورت حال کے بارے میں قانونی مشورہ حاصل کرنا چاہیے۔***

***یہ ایک اصل انگریزی عبارت کا اردو ترجمہ ہے۔ کسی شبہ کی صورت میں براہ کرم انگریزی ماٰخذ سے رجوع کریں***

## مدد کیسے حاصل کرنی ہے

**211 اونٹاریو (211 Ontario)** ایک معلوماتی اور حوالہ فراہم کرنے والی ہاٹ لائن ہے جو بہت سی زبانوں میں مدد فراہم کرتی ہے۔ وہ روزانہ 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن کال وصول کرتے ہیں۔

وہ آپ کو بتا سکتے ہیں کہ:

- قانونی امداد کہاں سے حاصل کریں، اور
- دوسری قسموں کی مدد کیلئے سیٹلمنٹ ایجنسی (تصفیہ کرنے والی ایجنسی) یا کمیونٹی ایجنسی سے کیسے رابطہ کریں۔

211 اونٹاریو سے رابطہ کرنے کیلئے:

☎ فون...................... **211**
☎ ٹی ٹی وائی................ **1-888-340-1001**
**211Ontario.ca**

آپ ایک مقامی لائبریری، ایک کمیونٹی لیگل کلینک، یا کرمنل ڈیوٹی کونسل آفس سے رابطہ کرنے کی کوشش بھی کرسکتے ہیں:

اپنے علاقے میں خدمات فراہم کرنے والے قانونی کلینک یا کرمنل ڈیوٹی کونسل آفس کو تلاش کرنے کے لیے، آپ ذیل پر اونٹاریو کی قانونی معاونت(Legal Aid Ontario, LAO) سے رابطہ کرسکتے ہیں:

☎ ٹول فری......................... **1-800-668-8258**
☎ ٹورانٹو (Bell Relay)........ **1-800-855-0511**
**legalaid.on.ca**

کلیو کمیونٹی لیگل ایجوکیشن آنٹیریو (Community Legal Education Ontario / Éducation juridique communautaire Ontario) نے کلیو سکس لینگوئیج ایڈوائزری گروپ (CLEO Six Languages Advisory Group) جو کہ 10 رکن ایجنسیوں پر مبنی ہے، کے تعاون سے تیار کیا۔ معالی معاونت آنٹیریو ٹریلیم فاؤنڈیشن (Ontario Trillium Foundation) اور لیگل ایڈ آنٹیریو (Legal Aid Ontario) نے فراہم کی ہے۔
ان صفحات اور مزید معلومات لوڈ کرنے کیلئے برائے مہربانی **cleo.on.ca** مجرمانہ کریں۔ CLEO کی **Steps to Justice** ویب سائٹ پر عمومی قانونی مسائل کے متعلق مرحلہ وار انفارمیشن موجود ہے۔ وزٹ کریں **stepstojustice.ca**.